Shabbir / Fazil

11-10-2026

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں فیصل خان

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

1- وزیر اعظم نریندر مودی آج دوپہر تمل ناڈو کے چنئی میں 13 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ لاگت کے ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کریں گے۔

2- پردھان منتری دھن دھانیہ کرشی یوجنا آج ایک سال مکمل کر رہی ہے۔

3- شمالی ریلوے نے کہا ہے کہ آج سبھی ٹرین خدمات معمول کے مطابق چلیں گی۔

4- دیوی دُرگا کی پوجا کا نو روزہ تہوار، نَوراتری آج سے مذہبی عقیدت اور جذبے کے ساتھ شروع ہو گیا ہے۔

5- سعودی حکام نے کہا ہے کہ ریاض ہوائی اڈّے پر ہوئے حملے میں 12 لوگوں کی موت ہو گئی اور 300 سے زیادہ افراد زخمی ہو گئے ہیں۔

6- اور مردوں کے کرکٹ میں، آج دوپہر اندور میں تیسرے ٹی-ٹوئنٹی بین الاقوامی میچ میں بھارت کا مقابلہ ویسٹ انڈیز سے ہوگا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Chennai Visit

وزیر اعظم نریندر مودی آج دوپہر تمل ناڈو کے چنئی میں 13 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ لاگت کے ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے۔ وزیر اعظم تقریباً 4 ہزار 900 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر کردہ چنئی میٹرو ریل پروجیکٹ کی میٹرو ریل خدمات کو جھنڈی دکھا کر روانہ کریں گے۔ جناب مودی Porur Bypass اسٹیشن سے Poonamallee بائی پاس اسٹیشن تک چنئی میٹرو میں سفر بھی کریں گے۔ وزیر اعظم اسی راستے سے واپسی کا سفر بھی کریں گے۔ Poonamallee - Porur راہداری، تین اعشاریہ 7 کلو میٹر کا دو منزل ڈھانچہ ہے، جو ڈرائیور کے بغیر کام کاج کیلئے ڈیزائن کیا گیا ہے اور جدید ترین Signalling نظام سے لیس ہے۔

اس کے علاوہ وزیر اعظم، 5 امرت اسٹیشنوں پلانی، ویلّور چھاؤنی، امبا سمُدرم، پرماگوڈی اور تمکّل سمیت 750 کروڑ روپے سے زیادہ کے ریلوے بنیادی ڈھانچوں کے پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے اور اُنہیں وقف کریں گے۔ امرت بھارت اسٹیشن

اسکیم کے تحت اِن 5 بھارت امرت اسٹیشنوں کی تزئینِ نو کی گئی ہے۔ جناب مودی، Porur تالاب کے قریب Jalakandeswarar مندر میں پوجا ارچنا بھی کریں گے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Joy

وزیر اعظم کے آج چنئی دورے کی سبھی تیاریاں مکمل کر لی گئی ہیں۔ وزیر اعظم کے استقبال کیلئے شہر کو سجایا گیا ہے، جہاں وزیر اعظم سڑک بنیادی ڈھانچے، بندرگاہوں اور سائنسی اختراع کے مختلف پروجیکٹوں کا آغاز کریں گے۔ اِن میں بحری بنیادی ڈھانچے کو مستحکم کرنے والے قومی شاہراہوں، کارگو صلاحیت کو وسعت دینے اور لاجسٹکس کارکردگی میں اضافہ کرنے والے اہم پروجیکٹوں کا سنگِ بنیاد اور افتتاح شامل ہے۔ سڑک پروجیکٹوں سے Salem ، مدورائی اور ناگاپٹینم میں قومی شاہراہوں پر ٹریفک کی بھیڑ بھاڑ کم کرنے کے علاوہ سفر کے وقت کی بھی بچت ہوگی۔ وزیر اعظم، چنئی پیٹرولیم کارپوریشن لمیٹڈ کی موجودہ منالی ریفائنری میں Lube Oil Base Stocks پروجیکٹ کا بھی سنگِ بنیاد رکھیں گے۔

اس کے علاوہ وزیر اعظم Kamarajar بندرگاہ پر اضافی کنٹینر ٹرمینل کے کیپٹل Dredging کاموں کیلئے اضافی Coal Birth پروجیکٹ کا بھی افتتاح کریں گے۔ جناب مودی IIT مدراس میں سدھا گوپالا کرشنن برین سینٹر کو بھی ملک کے نام وقف کریں گے۔ یہ اپنی طرز کا منفرد عالمی سائنسی مشن ہوگا، جہاں 100 انسانی دماغوں کا انسانی زندگی کے مادرِ رحم سے لیکر بڑھاپے تک کے مراحل کا سیلولر ریزولیشن پر تجزیہ کیا جائے گا۔ وزیر اعظم مودی، چنئی کے جے گوپال گروڑیا ہندو ودیالیہ اسکول کی گولڈن جوبلی تقریبات میں بھی شرکت کریں گے۔ اس کے بعد وہ دلّی روانہ ہو جائیں گے۔

چنئی سے جوائے کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

__PM Dhan-Dhaanya krishi Yojana__

پردھان منتری دھن دھانیہ کرشی یوجنا کا آج ایک سال مکمل ہو گیا ہے۔

یہ اسکیم گزشتہ سال آج ہی کے دن ملک بھر کے 100 اُمنگوں والے زرعی اضلاع میں زراعت کو مضبوط بنانے کے لیے شروع کی گئی تھی۔

ہمارے نامہ نگار کی رپورٹ کے مطابق، یہ اسکیم اضلاع کی مخصوص زرعی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے 11 وزارتوں اور

محکموں کی 36 مرکزی اسکیموں کے ساتھ ساتھ ریاستی اسکیموں اور نجی شعبے کی شراکت داری کو ایک پلیٹ فارم پر لے آئی ہے۔
پیش ہے ایک رپورٹ:

V/C Nitika

بھارت کے زرعی شعبے میں مختلف علاقوں اور کسان برادریوں میں زبردست صلاحیت موجود ہے۔ پچھلے سال جولائی میں مرکزی کابینہ سے منظوری حاصل کرنے والے اس چھ سالہ اقدام کا افتتاح وزیر اعظم نریندر مودی نے پچھلے سال 11 اکتوبر کو کیا تھا۔ یہ اضلاع کی مخصوص زرعی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے 11 وزارتوں اور محکموں کی 36 مرکزی اسکیموں کے ساتھ ساتھ ریاستی اسکیموں اور نجی شعبے کی شراکت کو ایک ساتھ لاتا ہے۔ پی ایم ڈی ڈی کے وائی کا پہلا سال آج مکمل ہو گیا، جو ضلع کی سطح پر مرکوز کارروائی کے ایک سال کو اُجاگر کرتا ہے۔ 100 اضلاع میں ڈسٹرکٹ ایکشن پلانز اور اشاریوں پر مبنی نگرانی کا نظام اب عمل میں لایا جا چکا ہے۔ ضلع کے لحاظ سے مخصوص اقدامات زمینی سطح پر زرعی ترقی کو فروغ دے رہے ہیں۔

اس اسکیم کا مقصد زرعی پیداوار، آبپاشی کی سہولیات، قرضوں تک رسائی اور فصل کی کٹائی کے بعد کے بنیادی ڈھانچے میں بہتری لانا ہے۔ پردھان منتری دھن دھانیہ کرشی یوجنا ضلعی، ریاستی اور قومی سطح پر تین سطحی نفاذ کے ڈھانچے پر عمل پیرا ہے۔ مقامی زرعی ضروریات کے مطابق ڈسٹرکٹ ایکشن پلان تیار کیے جاتے ہیں، جن کی پیش رفت پر 121 ایکشن پلانز کے ذریعے نظر رکھی جا رہی ہے جو فی الحال زیرِ عمل ہیں۔ ان اضلاع کا اوسط کارکردگی اسکور اپریل 2026 میں اٹھارہ اعشاریہ آٹھ پانچ سے بڑھ کر اگست 2026 میں چھیالیس اعشاریہ آٹھ نو ہو گیا، جو اسکیم کے تمام چھ اہداف میں بہتری کی عکاسی کرتا ہے۔ اس پہل نے کسانوں کے درمیان معلومات کی منتقلی اور اشتراک کو بھی فروغ دیا ہے۔

دسمبر 2025 میں منعقدہ پی ایم-ڈی ڈی کے وائی فارمر پروڈیوسر آرگنائزیشنز سنگم نے 15 ریاستوں اور اسکیم سے منسلک 33 اضلاع کی 72 سے زیادہ فارمر پروڈیوسر آرگنائزیشنز کو ایک ساتھ لایا تاکہ وہ اپنے تجربات کا تبادلہ کر سکیں اور زرعی پیداوار، مارکیٹ تک رسائی اور آمدنی میں اضافے کے مواقع تلاش کر سکیں۔ یہ حاصل شدہ پیش رفت آنے والے برسوں میں مزید مضبوط تال میل اور مسلسل زرعی ترقی کے لیے ایک بنیاد فراہم کرے گی۔

نئی دلی سے نیتیکا گپتا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں ....

Rev.Train - Nothern Railway

شمالی ریلوے نے اعلان کیا ہے کہ آج سے سبھی ٹرین خدمات معمول کے مطابق رہیں گی۔ اس سے پہلے ریلویز نے کل صبح 4 بجے سے دوپہر 2 بجے تک نئی دلّی ریلوے اسٹیشن اور حضرت نظام الدین ریلوے اسٹیشن پہنچنے والی Mail اور ایکسپریس ٹرینوں کو منسوخ کرنے کا فیصلہ کیا تھا۔ شمالی ریلوے کے CPRO ہمانشو اُپادھیائے نے اس بارے میں مزید جانکاری دی۔

S/B - Himanshu Upadhyay

DMRC Service Update

دلّی میٹرو ریل کارپوریشن، DMRC نے اطلاع دی ہے کہ سکیورٹی وجوہات کی بنا پر بند کیے گئے سبھی 45 میٹرو اسٹیشنوں کے اندر داخل ہونے اور باہر نکلنے کے گیٹ اب کھُل گئے ہیں۔ DMRC نے بتایا کہ سبھی متعلقہ میٹرو اسٹیشنوں پر ٹرین بدلنے کی سہولت بھی اب دستیاب ہوگی۔ اس سے پہلے دلّی میٹرو نے گزشتہ روز 10 بجے تک سکیورٹی وجوہات کی بنا پر 45 میٹرو اسٹیشنوں کو بند کر دیا تھا۔×

Delhi Traffic Advisory

دلّی پولیس نے قومی راجدھانی میں آج امن و قانون کی صورتحال کے مدِ نظر ٹریفک ایڈوائزری جاری کی ہے۔ اپنی ایڈوائزری میں ٹریفک پولیس نے کہا ہے کہ اُس وقت کی صورتحال کو دیکھتے ہوئے صبح 6 بجے سے مختلف مقامات پر ڈائیورژن کیے جائیں گے۔ اس کے مطابق نئی دلّی کی جانب شنکر روڈ-وندے ماترم ٹی پوائنٹ، جھنڈے والان، پنچ کوئیاں مارگ، گول ڈاک خانہ اور پٹیل چوک اور منڈی ہاؤس، بھیرَو روڈ- رِنگ روڈ ٹی پوائنٹ اور لودھی روڈ فلائی اوور پر اس کا اثر رہے گا۔ لوگوں کو اپنے سفر کی پیشگی منصوبہ کرنے اور غیر ضروری سفر کرنے سے گریز کرنے کا مشورہ دیا گیا ہے۔

ٹریفک پولیس نے مزید کہا کہ ٹریفک منظّم کرنے کے اِن اقدامات میں تبدیلی بھی ہو سکتی ہے اور زمینی صورتحال کے جائزے کے مطابق اِن میں رعایت دی جا سکتی ہے یا منظّم کیا جا سکتا ہے۔ ٹریفک پولیس نے لوگوں کو حقیقی وقت کی صورتحال سے باخبر رہنے کی بھی اپیل کی ہے۔×

BREAK

یہ خبرنامہ آ کاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Navratri

دیوی دُرگا کی پوجا کا 9 روزہ تہوار، نَوراتری آج سے مذہبی عقیدت اور جذبے کے ساتھ شروع ہو گیا ہے۔ نَوراتری کے دوران دیوی دُرگا کے 9 روپ کی پوجا کی جاتی ہے۔ نَوراتر کے پہلے دن دیوی دُرگا کو ہمالیہ کی بیٹی ماں شَیل پُتری کے طور پر

پوجا جاتا ہے، جو طاقت، استحکام اور نئی شروعات کی علامت ہیں۔×

PM Navratri

وزیر اعظم نریندر مودی نے نوراتر کے موقعے پر عوام کو مبارکباد دی ہے۔ سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم نے امید ظاہر کی کہ ماں جگدمبا کا آشیرواد سبھی کی زندگی میں خوشی، امن، خوشحالی اور اچھی صحت لائے گا۔ وزیر اعظم نے خواہش ظاہر کی کہ نوراتر کا تہوار قومی یکجہتی کے جذبے اور ملک کی ترقی کے عزم کو تقویت دے گا۔ ×

PM 25 Years Gujrart Ports Revolution

وزیراعظم نریندر مودی نے عوامی خدمت کے 25 سال مکمل کر لیے ہیں۔ ''جن سیوا سے دیش سیوا'' کے منتر اور پختہ عزم کے ساتھ یہ سفر آگے بڑھا ہے اور یہ سلسلہ آج بھی جاری ہے۔ سیوا اور سُشاسن کے اُن کے نظریے سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے سرکار 2047 تک وِکست بھارت کے مقصد کو حاصل کرنے کی سمت لگاتار کام کررہی ہے۔ جامع ترقی اور سماجی اعتبار سے بااختیار بنائے جانے سے اس پختہ عزم کے ذریعے لوگوں کی زندگی بدل رہی ہے۔

اپنی خصوصی سیریز کے تحت آج ہم اِس بات کا تذکرہ کررہے ہیں کہ کس طرح اِس ویژن کو گجرات کے بندرگاہ سے متعلق انقلاب کے ذریعے عملی جامع پہنایا گیا ہے۔

V/C Aparana Khunt

تمام بھارتی ریاستوں میں گجرات کو سب سے طویل ساحلی پٹی کا اعزاز حاصل ہے، لیکن دہائیوں تک اِس کی حقیقی سمندری صلاحیت کو مکمل طور پر بروئے کار نہیں لایا جاسکا۔ ساحل کو محض ایک جغرافیہ سمجھنے کے بجائے اِسے اہم صنعتی بنیادی ڈھانچے کے طور پر دیکھنے کا طریقہ اختیار کرتے ہوئے نریندر مودی نے بطور وزیراعلیٰ پرائیویٹ سرمایہ اور پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ، PPP کے ایک فعال ماڈل کی شروعات کی۔

بندرگاہوں کو پاور Grids ، روڈ نیٹ ورکس، ریل راہداریوں اور صنعتی علاقوں کے ساتھ بغیر کسی رکاوٹ کے جوڑا گیا، جس سے شروع سے آخر تک سپلائی چین تیار ہوئی۔ مُندرا، Hazira اور Pipavav جیسی تاریخی بندرگاہیں اِس ویژن کے تحت پھلی پھولیں۔

گجرات کے اِس کامیاب ماڈل نے بالآخر ساگر مالا پروگرام کے تحت قومی سمندری تبدیلی کی بنیاد رکھی، جس نے بھارت کی کُل بندرگاہی صلاحیت کو 2014-15 میں ایک ہزار 561 ملین ٹن سے بڑھاکر دو ہزار 817 ملین ٹن سالانہ سے زیادہ کردیا، جبکہ بڑی بندرگاہوں پر لگنے والے وقت کو آدھا کردیا۔ بھارت کی ریکارڈ ساز سمندری

کامیابیوں اور گرین پہل قدمیوں کو اجاگر کرتے ہوئے وزیراعظم نریندر مودی نے کہا
کہ

S/B PM

اِس بات کی وضاحت کرتے ہوئے کہ یہ ویژن کس طرح گجرات سے فروغ پاکر ملک
گیر معاشی ترقی کو آگے بڑھانے اور ریاست کو کنٹینر مینوفیکچرنگ مرکز کے طور پور قائم
کرنے کا سبب بنا، نیشنل شپنگ بورڈ کے رکن راہل مودی نے کہا کہ

Byte: Rahul Modi

ساحلی خطوں کو طاقتور معاشی وسیلے میں تبدیل کرکے بھارت کی بندرگاہوں پر مبنی ترقی
ملک کو عالمی سمندری قیادت اور وکست بھارت کی طرف گامزن رکھے ہوئے ہے۔
احمد آباد سے اپرنا کھنٹ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ....

Trump Ukraine

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے تجویز رکھی ہے کہ یوکرین کو نیا صدر منتخب کرنا چاہیے، جو روس کے ساتھ جاری جنگ کو ختم کرنے کیلئے کسی سمجھوتے پر بات چیت کے قابل ہو۔ ٹرمپ نے یوکرین کے صدر وولودومیر زیلنسکی کو روس کی تیل ریفائنریز خصوصاً ڈیزل پیدا کرنے والی ریفائنریوں کو نشانہ بنانے پر خبردار کیا ہے۔ وہائٹ ہاؤس کے احاطے میں بولتے ہوئے ٹرمپ نے دلیل دی ہے کہ اس طرح کے حملوں سے عالمی بازاروں میں ایندھن کی سپلائز پر اثر پڑ سکتا ہے اور اس سے امریکی کسان اور مویشی پالنے والے افراد متاثر ہو سکتے ہیں۔

صدر ٹرمپ کا تبصرہ ایسے وقت سامنے آیا ہے، جب انہوں نے ٹرتھ سوشل پر یہ اعلان کیا ہے کہ روس فوری طور پر امریکی اور عالمی بازاروں کو 3 لاکھ ٹن سے زیادہ ڈیزل ایندھن سپلائی کرے گا۔ صدر ٹرمپ کے اعلان کے مطابق آنے والے مہینوں میں اضافی کھیپ کے پہنچنے کی امید ہے۔ ×

Saudi Airport Attack

سعودی عرب کے ریاض بین الاقوامی ہوائی اڈّے پر ہوئے حملے میں 12 لوگوں کی موت ہو گئی اور 300 سے زیادہ لوگ زخمی ہو گئے۔ گزشتہ روز گھریلو پروازوں کے ٹرمینل پر ہوئے حملے میں مرنے والوں میں سعودی عرب کے 4، بنگلہ دیش کے 2 اور امریکہ، مصر، اُردن، شام، سوڈان اور فلسطین کا ایک-ایک شہری شامل ہے۔

یہ واقعہ سعودی ہوائی اڈّوں، فوجی بنیادی ڈھانچے اور تیل مراکز پر حملوں میں اچانک اضافے کا حصہ ہے۔ سعودی عرب کی قیادت والے اتحاد کی جانب سے پڑوسی ملک یمن میں ایران کے حمایت یافتہ حوثی باغیوں پر حالیہ حملوں کے بعد سعودی عرب میں یہ حملے ہو رہے ہیں۔

حوثی باغیوں نے اس سے پہلے ہوئے ہوائی اڈّے پر حملوں کی ذمہ داری قبول کی تھی، جس میں تین لوگوں کی موت ہو گئی تھی۔ اگرچہ حوثی باغیوں نے حالیہ حملے پر کوئی تبصرہ نہیں کیا ہے، لیکن انہوں نے یمن کی راجدھانی صنعا کے ہوائی اڈّے پر بمباری کیلئے سعودی عرب کو موردِ الزام ٹھہرایا ہے۔x

Cricket 3rd T20 Ind WF

مردوں کے کرکٹ میں آج اندور کے Holkar اسٹیڈیَم میں بھارت اور ویسٹ انڈیز کے درمیان تیسرا ٹی۔ٹوئنٹی بین الاقوامی میچ کھیلا جائے گا۔ یہ میچ شام سات بجے شروع ہوگا۔ پانچ میچوں کی سیریز ابھی ایک-ایک سے برابر ہے۔ ویسٹ انڈیز نے جمعہ کو رانچی میں دوسرے ٹی۔ٹوئنٹی میچ میں بھارت کو چھ وکٹ سے ہرا دیا تھا۔x

IMD Weather

بھارتی محکمہ موسمیات IMD نے کیرلم، ماہے، لکشدیپ، تمل ناڈو، پدوچیری، اور کرائیکل میں کل تک گرج چمک کے ساتھ تیز ہوائیں چلنے کی پیشگوئی کی ہے۔ اس دوران آندھرا پردیش، جھارکھنڈ، ناگالینڈ، منی پور، میزورم، تریپورہ، اڈیشہ اورمغربی راجستھان میں بھی موسم کی صورتحال جوں کی توں رہنے کی امید ہے۔

محکمۂ موسمیات نے یہ بھی کہا کہ آج ساحلی کرناٹک، کونکن اور گوا کے کچھ علاقوں میں موسم گرم اور مرطوب رہنے کا امکان ہے۔x

MEA - OHCHR

بھارت نے کہا ہے کہ اقوام متحدہ میں انسانی حقوق کے کمشنر کے دفتر، OHCHR کی جانب سے گزشتہ روز دلّی میں پیش آئے واقعات سے متعلق تشویش گمراہ کُن ہے اور بھارت کے اندرونی معاملات میں غیر ضروری مداخلت کے مترادف ہے۔ جنیوا میں بھارت کے مستقل مشن کی جانب سے جاری کیے گئے بیان میں کہا گیا ہے کہ OHCHR کو دوسرے مقامات پر بڑے پیمانے پر ہونے والے مظاہروں پر بھی توجہ دینی چاہیے اور غیر جانبدار اور غیر امتیازی نقطۂ نظر اپنانا چاہیے۔ بیان میں واضح کیا گیا کہ بھارت، دنیا کی سب سے بڑی جمہوریت ہے، جہاں آئین، پُر امن طریقے سے جمع ہونے کے حق کی ضمانت دیتا ہے اور مضبوط ادارے، آزاد عدلیہ اور آزاد میڈیا اس حق کی حفاظت کرتے ہیں۔

بیان میں مزید کہا گیا کہ ہر جمہوریت کی طرح بھارتی شہری بھی بڑے پیمانے پر عوامی مفاد کو مدِنظر رکھتے ہوئے واجبی پابندیوں کے تحت اپنے اس حق کا استعمال کرتے ہیں۔ بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ بھارتی حکام قانون کے مطابق کارروائی کرتے ہیں اور سبھی طرح کی شکایتوں کو دور کرنے کیلئے عدالتیں دستیاب رہتی ہیں۔ x

Yuva Snagam-Telangana

وزارت تعلیم 'ایک بھارت شریشٹھ بھارت' پروگرام کے تحت نوجوانوں کے درمیان باہمی تعلقات کو مضبوط کرنے اور قومی

یکجہتی کو فروغ دینے کے لیے ساتویں مرحلے کے 'یوا سنگم کا اہتمام کر رہی ہے۔ اس سلسلے میں، سینٹرل یونیورسٹی آف کرناٹک کی قیادت میں تلنگانہ کا وفد رواں ماہ کی 4 تاریخ کو انڈین انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی IIT گوہاٹی پہنچا۔ وفد نے اپنے دورے کا آغاز ''یوگا سیشن'' سے کیا۔ اِس کے علاوہ وفد نے آسام کے گورنر لکشمن پرساد آچاریہ سے بھی ملاقات کی، جس نے نوجوان مندوبین کو آسام کے بھرپور ورثے، روایات اور ثقافتی اہمیت کے بارے میں اہم معلومات حاصل کرنے کا موقع فراہم کیا۔ اس بات چیت نے بھارت کے متنوع ثقافتی منظر نامے اور ملک بھر کے نوجوانوں کے درمیان تعلقات کو مضبوط بنانے کی اہمیت کے بارے میں ان کی سمجھ کو مزید نکھارا۔x

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......فہیم احمد

شکریہ - فیصل خان

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے اردو اخبارات کی شہ سرخیاں ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔ اخبار پرتاپ نے وزیراعظم نریندر مودی کے آج چینئی دورے اور وہاں 13 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کے ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگِ بنیاد رکھنے اور افتتاح کرنے سے متعلق خبر کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔

روزنامہ پرتاپ نے وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن کے سنگاپور دورے کی خبر کو نمایاں طور پر شائع کرتے ہوئے سرخی لگائی ہے۔ نرملا سیتا رمن سنگاپور میں عالمی سرمایہ کاری فرموں کے نمائندوں سے ملاقات کی۔

جودھپور میں ایئرفورس اسٹیشن پر منعقد ترنگ شکتی2026 مشق کے شرکاء سے وزیر دفاع راجناتھ سنگھ کے خطاب کو کئی اخبارات نے سرخی بنایا ہے۔ انھوں نے کہا کہ دوست ممالک کے درمیان تکنیکی تعاون ضروری۔

اخبارات کی کچھ اہم بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

_ روس عالمی منڈی اور امریکہ کو لاکھوں ٹن ڈیزل فراہم کرے گا۔ ٹرمپ کا بیان

_ یمن میں حوثی باغیوں کے خلاف سعودی قیادت والے اتحاد کی کارروائیاں تیز

_ ریاض کے ہوائی اڈے پر میزائل حملہ، متعدد افراد ہلاک اور زخمی۔

_ پناما میں 7 اعشاریہ 7 شدت کا زلزلہ، کئی عمارتیں تباہ۔

_ تنزانیہ میں خوفناک سڑک حادثہ، 22 افراد ہلاک۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیر اعظم نریندر مودی آج دوپہر تمل ناڈو کے چنئی میں 13 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ لاگت کے ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کریں گے۔

2- پردھان منتری دھن دھانیہ کرشی یوجنا آج ایک سال مکمل کر رہی ہے۔

3- شمالی ریلوے نے کہا ہے کہ آج سبھی ٹرین خدمات معمول کے مطابق چلیں گی۔

4- دیوی دُرگا کی پوجا کا نو روزہ تہوار، نوراتری آج سے مذہبی عقیدت اور جذبے کے ساتھ شروع ہو گیا ہے۔

5- سعودی حکام نے کہا ہے کہ ریاض ہوائی اڈّے پر ہوئے حملے میں 12 لوگوں کی موت ہو گئی اور 300 سے زیادہ افراد زخمی ہو گئے ہیں۔

6- اور مردوں کے کرکٹ میں، آج دوپہر اندور میں تیسرے ٹی-ٹوئنٹی بین الاقوامی میچ میں بھارت کا مقابلہ ویسٹ انڈیز سے ہوگا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔